مزایا اور تاریخی معلومات دونوں کے لحاظ سے کتاب دل چسپ بھی ہے اور مفید بھی۔ امید ہے کہ ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام ومحظوظ ہوں گے۔

شروانی نامہ | از جناب حاجی عباس خاں صاحب شروانی تقطیع کلاں ضخامت ۸۴۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ؎ پتہ:- دفتر اخبار جمہور۔ محمد علی روڈ علی گڈھ

شروانی خاندان ہندوستان کا مشہور خاندان ہے اور خصوصاً اس کی شاخ علی گڈھ کے بعض افراد کی وجہ سے تو شہرت کے ساتھ اس کو ایک خاص عظمت بھی حاصل ہے اس خاندان کے مورث اعلیٰ عمر خاں افغانستان کے ایک قصبہ شروان کے رہنے والے تھے سلطان بہلول لودی کے ساتھ ہندوستان آئے اور وزارت عظمیٰ کے منصب پر فائز رہے اس کے بعد اس خاندان کے افراد مختلف شاخوں میں بٹ گئے اور ملک کے مختلف حصوں میں آباد ہو گئے، تموّل کے ساتھ ایک خاص قسم کی وضع داری، دین داری اور شریفانہ اخلاق واطوار اس خاندان کے خاص اوصاف رہے ہیں اس کتاب کا موضوع اگرچہ اسی خاندان کے لوگوں کے حالات از سلف تا خلف اور ان کے شجرات وغیرہ کا بیان کرنا ہے تاہم اس ذیل میں بہلول لودی سے لے کر اب تک کے بعض اہم تاریخی حالات عموماً اور تاریخ علی گڈھ کا خصوصاً مستند مآخذ کی روشنی میں ذکر آگیا ہے۔ کتاب تین حصوں پر تقسیم ہے۔ حصہ اول میں شروانیان سلف۔ حصہ دوم میں شروانیان حال۔ اور حصہ سوم میں شجرات کا بیان ہے۔ یہ کتاب اس خاندان کے مردوں اور عورتوں کے لئے تو ایک نہایت قیمتی گنجینۂ معلومات ہے ہی۔ عام تاریخ کا طالب علم بھی اس سے بہت کچھ استفادہ کر سکتا ہے۔ شروع میں مولوی ریاض الرحمن خاں صاحب ایم۔ اے کا پیش لفظ اور خود لائق مرتب کتاب کا مقدمہ بھی دل چسپ اور مفید ہے

بوئے دوست | از جناب ندیم مرادآبادی تقطیع خورد ضخامت ۵۰ صفحات طباعت وکتابت بہتر۔ کاغذ معمولی قیمت ۸ر پتہ:- ضمیر حسن صاحب سرائے کشن لال